مرتب ہوگئی ہیں -

(۴)

نام کتاب : جوہرِ تقویم

مصنف : ضیاء الدین لاہوری

صفحات : ۱۲۰

قیمت : ۱۵ روپے

ناشر : الحقائق، آصف بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور

اس کتاب میں ابتدا سے لے کر سنہ ۱۵۰۰ھ تک تمام ہجری اور اس کے متقابل عیسوی تاریخیں درج کی گئی ہیں - آخر میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک کا مکی ومدنی کیلنڈر بھی شامل ہے جو ایک نایاب چیز ہے - جدولِ ایام کے تحت دونوں کیلنڈروں میں ایک جامع نقشہ بھی دیا گیا ہے جس سے مطلوبہ دن معلوم کیا جاسکتا ہے - اس تقویم سے محققین کے علاوہ عام قاری بھی بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں - کتاب نہایت محنت وکاوش اور دقتِ نظر سے تیار کی گئی ہے - اردو زبان کی تقویمات میں یہ ایک گرانقدر اور مفید اضافہ ہے -

نام کتاب : شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کی تیس مجالس

مرتب : مولانا تقی الدین ندوی

صفحات : ۲۳۲

قیمت : ۲۰ روپے

ناشر : عمران اکیڈمی، ۴۰ بی، اردو بازار لاہور

یہ کتاب شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا کی تیس مجالس کا تذکرہ ہے - جسے اُن کے شاگرد و مرید مولانا تقی الدین ندوی نے مرتب کیا ہے - ابتدا میں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کا تحریر کردہ مقدمہ بھی شامل ہے - حضرت مولانا محمد زکریا صاحب کے یہ تمام ملفوظات بالعموم ماہِ رمضان کی خاص اور مبارک مجالس سے حاصل کئے گئے ہیں - ان ملفوظات میں شریعت کے مسائل اور طریقت کا سوز وگداز ہے - اندازِ بیان نہایت حکیمانہ اور واعظانہ ہے -

© rasailojaraid.com